ہدیہ برادرم منشی ظہیر احمد صاحب قبول باد۔ احقر العباد سید فخر الحسن

اِنَّ ہٰذِہٖ تَذْکِرَۃٌ فَمَنْ شَاءَ اتَّخَذَ اِلٰی رَبِّہٖ سَبِیْلًا

مرتبہ

جناب مولوی حافظ سید فخر الحسن صاحب سجادہ نشین آستانہ حضرت حاجی صفت اللہ صاحب محدث

الموسوم بہ سال تالیف

حالات حاجی صفت اللہ صاحب محدث رحمۃ اللہ

۱۳۵۱ھ

(خیرآبادی)

تاریخ طبع

حاجی صفت اللہ عالم محدث

۱۳۵۱ھ

واقعات مولانا حاجی صفت اللہ محدث آہ

۱۹ ۶ ۳۲

باہتمام سید محمد صدیق خیرآبادی پرنٹر

در نظامی پریس واقع بندہ لکھنؤ طبع گردید

فہرست مضامین

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نسب نامہ

نقل از نسخۂ قلمی کتبخانۂ مدرسۂ قدیم خیرآباد

احقر العباد سید فخرالحسن خیرآبادی ومولوی حافظ سید احمد حسن ابن مولوی سید محمد حسن عرف مولوی حافظ سید حسن بخش ابن مولوی حافظ سید نبی بخش ابن مولوی سید عبدالوالی عرف مولوی حافظ سید پیر بخش ابن مولوی حافظ سید غلام صدیق ومولوی حافظ سید غلام امام ابن مولوی حافظ سید احمد اللہ ابن مولوی حافظ حاجی سید صفت اللہ ابن حافظ سید مدینۃ اللہ ابن سید زین العابدین ابن مخدوم سید عبدالوالی ابن مخدوم سید ابوالفتح ابن مخدوم سید نظام الدین عرف مخدوم الہدیہ خیرآبادی ابن مخدوم سید میرن ابن سید نور ابن سید نصیر الدین عرف سید قاضی ابن سید امام الدین ابن سید میر محمد ابن سید رکن الدین ابن سید محمد ابن سید نور ابن سید احمد ابن سید محمود شنوزانی ابن سید تیمور شجاع ابن سید میر ابراہیم ابن سید ابوالقاسم ابن سید زید ملقب مہدی ابن سید محمد جعفر ابن سید محمد حمزہ ابن سید محمد ہارون ابن سید اسمٰعیل ابن سید عقیل ابن سید علی اصغر ابن سید جعفر ثانی ابن امام محمد نقی علیہ السلام ابن امام محمد تقی علیہ السلام لقب محمد جواد ابن شہزادہ امام علی موسیٰ رضا علیہ السلام ابن امام موسیٰ کاظم علیہ السلام ابن امام جعفر صادق علیہ السلام ابن امام باقر علیہ السلام ابن امام زین العابدین علیہ السلام ابن امام حسین سید الشہدا علیہ السلام ابن امیرالمومنین امام برحق علی ابن ابی طالب علیہ السلام ۔ تمام شد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحمد للہ رب العالمین والعاقبۃ للمتقین والصلوٰۃ والسلام علیٰ رسولہٖ محمد وآلہٖ واصحابہٖ اجمعین - ہندوستان کے عظیم الشان طول وعرض مین خیر آباد ایک ایسا نامور اور محترم قصبہ ہے جسکا ذکر علوم وفنون کے متعلق ہندوستان کے زرین تواریخ کے قلب مین جگہہ دینا چاہیئے اس دعوے کی دلیل مین مختصراً یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ خیر آباد اپنی قدامت اپنی خوبصورت عمارات اور پر عظمت وجلال مزارات اور مشاہیر فقرا و علماء ظاہری و باطنی کی کثرت اور عظمت کے سبب سے چار دانگ عالم مین ہمیشہ سے مشہور و معروف ہے سرزمین خیر آباد کے حالات کی کامل تفصیل احاطۂ تحریر مین لانا کوہ کندن کے مصداق ہے اگر مختصر لکھنے کی بھی کوشش کیجائے تو اس اختصار پر وہی مثل صادق آئیگی گویا دریا کوزے مین بند کرنا ہے جو ایک دشوار ہی نہین بلکہ محال کلیہ ہے چونکہ خیر آباد بحیثیت خود ایک مکمل تواریخ ہی جسکی لئے ہزارون صفحات اور برسونکا اطمینان درکار ہے اور یہ ظاہر ہی کہ دنیا و مجاز مین قدم رکھکر کسی ایک انسان کو اتنی فرصت اور ایسا اطمینان حاصل ہونا غیر ممکن سا معلوم ہوتا ہی تاہم کسی اچھے کام کے واسطے کچھ نہ کرنے سے بہر حال کچھ کرنا بہتر ہوتا ہے لہذا مین نے اسی لئے یہ ارادہ کر لیا ہی کہ کم سے کم اپنے خاندانکی ایک ضروری مختصر یادداشت تاریخ تالیف کر کے محفوظ کر لون خدا کرے میری یہ نیک نیتی بار ور ہو ممکن ہے

ہمارے مورث اعلیٰ حضرت مخدوم سید نظام الدین عرف مخدوم شیخ الہدیہ صاحب خیر آبادی رحمۃ اللہ علیہ کی اولاد مین کیسے کیسے عالم فاضل - فقیر - درویش - غوث قطب - اولیا ابدال - غوث و قطب مملو بصفات علوم ظاہری و باطنی و صاحب کشف

وکرامات ہوئے ہین جنکی تعریف بیان کی محتاج نہین ہم تمامی مخدوم زادگان از قسمِ ذکور
و اناث کو دل سے خوش ہو کر خدا کا شکر ادا کرنا چاہیئے اور اپنی اس خوش قسمتی پر فخر کرنے کا
حق حاصل ہے کہ ہم کو اللہ برتر نے ایسے بزرگان دین کے سلسلۂ اولاد مین پیدا کیا جو
ابدالآباد تک ہمارے لئے باعثِ عزت و برکت ہے۔

منجملہ حضرات مخدوم زادگان کے حضرت مولوی حافظ حاجی سید صفت اللہ صاحب
و مولوی حافظ سید احمد اللہ صاحب وغیرہ رحمۃ اللہ علیہم حضرت مخدوم شیخ الہدیہ صاحب
قدس اللہ سرہٗ کی اولاد مین نہایت معظم و محترم ہستیان ہوئی ہین۔ آپ مفسر۔ محدث۔
عالم۔ فاضل۔ کامل۔ درویش۔ عبادت گزار۔ متبع شریعت و طریقت صاحبِ کشف و کرامات
اور قطب وقت ہوئے جنکے علم و فضل کے معترف مشاہیر علماء ہند و حرمین شریفین بھی ہین۔
حضرت حاجی سید صفت اللہ صاحبؒ کے حالات بحوالہ کتب درج کئے جائینگے جس سے
ناظرین کو ان کے فضل و کمال کا صحیح اندازہ ہو سکیگا۔

حضرت مولانا حافظ حاجی سید صفت اللہ صاحب کی متبرک اور مقدس ذات فخر روزگار
تھی خیرآباد مین آپ پہلے محدث ہوئے ہین بلکہ اودھ مین آپ ہی کی ذاتِ بابرکات سے
علمِ حدیث نے اشاعت پائی جسکی تصدیق مین بعض علماء اجل نے اپنی بیش بہا تصانیف
مین ان بزرگان مذکور کے کمال علم و فضل کو بڑی خوبی اور تعریف کے ساتھ ذکر کیا ہے۔

مجھے امید تھی کہ اپنے موجودہ قلمی کتبخانہ مین جناب مولوی حافظ حاجی سید صفت اللہ صاحب
و مولوی حافظ سید احمد اللہ صاحب وغیرہ رحمۃ اللہ علیہم کے حالات و ملفوظات یقیناً محفوظ ملینگے
اور میرا یہ خیال اس حد تک تو صحیح ثابت ہوا کہ قلمی کتابین ملین اور وافر ملین مگر افسوس ہے
کہ قریب قریب سب نسخے بوسیدہ اور کرم خوردہ ملے جو ناقابل استعمال تھے دو پلنگ ان نادر

کتابون سے بھرے ہوئے تھے۔ مجبورًا مین نے اِن کتابون کو مثل مردے کے دفن کرا دیا جسکے متعلق مجھکو نہایت افسوس ہے۔ دوسری جگہ ایک کتاب مین چند قلمی اوراق متفرق دستیاب ہوئے جنکو جابجا کیڑا کھا گیا تھا جسمین جستہ جستہ مولوی حافظ حاجی سید صفت اللہ صاحبؒ و مولوی حافظ سید احمد اللہ صاحبؒ وغیرہ کا تذکرہ پایا جاتا ہے اس حالت مین یہ بھی غنیمت ہے نیز لاہرپور سے عزیزی مولوی حاجی سید امیر احمد صاحب و عزیزی مولوی حاجی سید ولایت احمد صاحب نے براہِ عنایت کچھ نقول حاجی سید صفت اللہ صاحب کے مکتوبات وغیرہ کی مرحمت فرمائین جنکی صحت ہوگئی ہے جو حسب موقع اِسی تذکرہ مین طبع ہونگے۔ حاجی عبداللہ سیاحؒ صاحب نے حاجی صفت صاحب کو صغیر سنی مین بغرض تعلیم باہر بھیجدیا تھا مگر یہ نہین کہا جا سکتا کہ کہان بھیجا تھا چونکہ حاجی صفت صاحبؒ نے مولوی عبدالجلیل صاحب شمس آبادی سے تعلیم پائی ہے اسلیئے قیاسًا یہ کہا جا سکتا ہے کہ آپ کو غالبًا مولوی عبدالجلیل صاحب ہی کے پاس شمس آباد بھیجا ہوگا۔ چنانچہ حاجی صفت صاحبؒ جب تکمیل علم سے فارغ ہو کر حاجی عبداللہ سیاحؒ کیخدمت مین واپس آئے تو اُونھین کے مرید ہوئے اور اپنے مسکونہ مردانہ مکان مین درس تدریس کا سلسلہ نہایت سرگرمی کیساتھ جاری فرمایا حُسن نصاب تعلیم سے علم کا دریا موجین مار رہا تھا دور دور سے طلباء نامی بکثرت آکر تعلیم پانے لگے حتیٰ کہ وہی مکان مسکونہ مذکورہ مدرسہ عربیہ قدیم خیرآباد کے نام سے مشہور ہے مگر درحقیقت یہ مدرسہ موقوفہ نہین بلکہ مکان مسکونہ ہے مگر سرچشمۂ تعلیم ہونیکی وجہ سے اِسکا نام مستقل مدرسہ ہو گیا ہے۔ اور سب اِسکو مدرسہ خیرآباد کرتے ہین پھر جب طلباء کی کثرت ہوئی اور قیام طلباء کی اسکے آغوش مین جگہ باقی نہ رہی تو حاجی صفت صاحبؒ نے بازار نرائن گنج کے ملحق اپنی ذاتی آراضی پر ایک پختہ خانقاہ قیام طلباء کیلیے تعمیر کرائی جسمین دو درجے تھے اور ہر درجہ پانچ در کا تھا اس خانقاہ کے

تعمیر ہو جانے سے طلباء آسانی رہنے لگے اور اسکے ساتھ ہی ایک وسیع مسجد نماز و عبادت
کے لیے تعمیر کرائی نیز ایک درگاہ پختہ چہار دیواری کی بھی تیار ہوئی جسکے اندر جناب سید
محمدؒ عرف جناب حاجی عبد اللہ سیاحؒ کا پہلا مزار ہے جو حضرت حاجی سید صفت صاحبؒ کے
پیر و مرشد ہین دوسرا مزار حاجی سید صفت اللہ صاحبؒ کا ہے اور تیسرا مزار مولوی حافظ
سید احمد اللہ صاحبؒ کا ہے بقیہ قبور جو اوسکے اندر ہین جناب حاجی سید صفت اللہ صاحبؒ
کی اولاد سے جو صاحب سجادہ ہوئے ہین اون سے تعلق رکھتے ہین صرف تین قبرین ایسی ہین
جو صاحب سجادہ کی آرام گاہ نہین ہین ایک وہ قبر جو حاجی صفت اللہ صاحبؒ کے مزار کی
چہار دیواری کے اندر پورب کیطرف اور کچھ اُتر کی جانب ملی ہوئی ہے نہین معلوم وہ کس مرحوم
کی قبر ہے دوسری قبر حاجی عبد اللہ سیاحؒ کے مزار کی چہار دیواری کے باہر جو جانب پچھم واقع
ہے وہ قبر مولوی حافظ سید امین الدین صاحب مرحوم کی ہے جو صاحب سجادہ نہین تھے
اور اسی قبر سے ملی ہوئی قبر پچھم کیطرف جناب والد ماجد صاحب مرحوم کی ہے جو صاحب
سجادہ نہ تھے اور اسی سے ملی ہوئی قبر بھائی مولوی حافظ سید احمد محسنؒ کی ہے جو صاحب سجادہ
تھے اور حاجی صفت اللہ صاحبؒ کے مزار کی پچھم طرف پہلی قبر مولوی حافظ سید غلام صدیق
صاحب سجادہ کی ہے اور اسی سے ملی ہوئی قبر پچھم کی طرف مولوی حافظ پیر بخش صاحب
سجادہ نشین کی ہے اور مولوی احمد اللہ صاحب کے مزار کے پورب طرف مولانا حافظ
سید غلام امام صاحب کی قبر ہے جو صاحب سجادہ تھے چونکہ حاجی صفت صاحب کی مسجد
خیرآباد مین جامع مسجد کی حیثیت رکھتی ہے اسلئے دیگر مساجد کے مقابلہ مین اِس مسجد
مین بفضلہ تعالےٰ نمازیون کی تعداد بہت زیادہ ہوتی ہے ۔ مؤلف بعد اظہار حالات
صحیحہ وہ واقعات اور حالات جنکی صحت اور کیفیت معتبر کتب تواریخ اور نسخ قدیمہ

موجودہ سے مل سکی ہے بحوالہ کتب معہ اصل عبارت اور ترجمہ محاذ ہدیہ ناظرین کرتا ہی اللہ تعالے اپنے حبیب پاک کے صدقہ مین میری سچی اور خالص نیت کو قبول فرماوے ۔فقط

احوال حضرت سید محمد عرف حاجی عبداللہ سیاح صاحب پیر و مرشد حضرت مولانا حاجی حافظ سید صفت اللہ محدث خیر آبادی

نقل از کتاب بحر ذخائر قلمی جلد اول کتبخانہ فرنگی محل بسلسلہ نمبر (۸)

موج احوال ۔آن عیسیِ دم وخضر قدم آن فارغ البال از علائق بیش وکم آن عصاء دستِ نابینایانِ کوئے وحدت آن شمعِ منور ظلمت نشینانِ کاشانۂ کربت آن مستغنی الحاجات بویرانی وآبادی قطب الافراد حضرت عبداللہ سیاح خیر آبادیؒ از اولاد امجاد حضرت محبوبِ سبحانی غوث الاعظم سید عبدالقادر جیلانی است وبسلسلۂ قادریہ مرید سید بدرالدینؒ کہ مزار شریفش در پھلواڑی نزدیک پٹنہ است بود از اعظم مرتاضان واکابر ممتاز ان لغایت عالیشان مسافرت بسیار کردہ وعمر دراز یافتہ گویند از وقتِ

حضرت عبداللہ سیاح خیر آبادیؒ حضرت محبوبِ سبحانی غوث الاعظم سید عبدالقادر جیلانی کی اولاد سے ہین اور سلسلۂ قادریہ مین میر سید بدرالدینؒ کے خلیفہ ہین جنکا مزار شریف بمقام پھلواڑی نزدیک پٹنہ ہے بڑے مرتاض بہت ممتاز اور عالیمرتبہ تھے مسافرت بہت فرمائی عمر زیادہ ہوئی

مخدوم شاہ میناؒ صاحبِ ولایت لکھنؤ
تا ہزار و یکصد و پانزدہ ہجری مجموعۂ دراز ہی
از روئے حساب دوصد و سی و یکسال میشود
و مجملاً بعضے سہ صد سال نوشتہ اند حیات
یافتہ جامع بود میانِ علم ظاہر و باطن خلاقِ
دلپسند و احوال بغایت بلند در تصوف
مرتبۂ رفیع داشت پیرامون تاہل و معاش
نگشت مسافرانہ و آزادانہ بسر برد چندان
تصرفاتِ صوری و معنوی کہ حق تعالےٰ
در زمانِ متاخرین او عطا کردہ در معاصرانش
کمتر یافتہ میشود سیر کنان بخیر آباد تشریف
آورد مولانا حاجی صفت اللہ خیر آبادی
را کہ ذکرش می آید مرید ساخت بمرتبۂ
تکمیل رسانید بعد چندے بعظیم آباد پٹنہ
تشریف فرمود و باز بخیر آباد آمد کمالاتش
نہ چندانست کہ درین مختصر گنجد بتاریخ بست
و ششم ماہِ جمادی الاولیٰ و سنہ یکہزار و یکصد

کہتے ہین کہ مخدوم شاہ میناؒ صاحبِ ولایت
لکھنؤ کے وقت سے ۱۱۱۵ھ تک آپ کی عمر
دوسو اکتیس ۲۳۱ سال کی ہوئی اور مجملاً بعضے
تین سو سال کی عمر ہونا تحریر کرتے ہین
جامع علوم ظاہر و باطن تھے اخلاقِ پسندیدہ
اور حالات بہت بلند تھے۔ تصوف مین
بڑا مرتبہ رکھتے تھے۔ متاہل و متلاشی معاش
نہ ہوئے مسافرانہ اور آزادانہ بسر کی اسقدر
تصرفات ظاہری و باطنی حق تعالےٰ نے
عطا فرمائے کہ اونکے زمانے والون مین
بہت کم پائے گئے سیر فرماتے ہوئے خیر آباد
تشریف لائے اور مولانا حاجی صفت اللہ
خیر آبادی کو کہ ذکر اونکا آئیگا مرید کیا۔ اور
مرتبۂ تکمیل کو پہونچایا بعد چندے عظیم آباد
پٹنہ تشریف لے گئے اور پھر خیر آباد واپس تشریف
لائے اونکے کمالات اتنے نہین کہ اس مختصر
مین سمائین بتاریخ ۲۶ ماہ[له] جمادی الاولیٰ

له کتاب نفحاتِ عنبریہ مین آپکی تاریخ ولادت ۸۸۴ھ ہجری لکھی ہے اور تاریخ وفات ۲۶ جمادی الاولی ۱۱۱۵ھ ہجری ہے۔
بزرگون سے سنا گیا ہے کہ آپ مین سخاوت بہت تھی جو کچھ ہوتا راہِ خدا مین دیدیتے تھے۔ آپ مین جلال بہت تھا اکثر اوقات
چہرے پر نقاب پڑی رہتی تھی آپ سے بیشتر کرامات ظاہر ہوئین مین نے آپکے مفصل حالات دریافت کرنے مین کوشش بہت کی مگر دستیاب
نہین ہوسے ۔ ۱۲

وپانزدہ ہجری بملاءِ اعلیٰ شتافت در خیرآباد روضۂ مقدسش حاجت روائے خلائق آن دیار است رحمۃ اللہ علیہ مادۂ تاریخ ؎

غابَ قطبًا

۱۱۱۵ ہجری

۱۱۱۵ ہجری وصال فرمایا اور اونکا مزار شریف حاجت روائے خلائق خیرآباد مین ہے رحمۃ اللہ علیہ۔ مادۂ تاریخ ؎

غاب قطبًا

۱۱۱۵ ہجری

احوال حضرت مولانا حافظ حاجی سید صفت اللہ صاحب محدث خیرآبادی رحمۃ اللہ علیہ

نقل از اوراق قلمی کتبخانۂ خاص مدرسہ عربیہ قدیم خیرآباد

میان حافظ سید مدینۃ اللہ از ایشان دو پسر پیدا شدند یکے حاجی صفت اللہ دوئم میان حیات اللہ حاجی صفت اللہ را در صغر سن حاجی عبداللہ سیاح کہ از اولاد حضرت غوث الثقلین بودند وعمر قریب سہ صد سال داشتند ودر خیرآباد استقامت ورزیدند در فرزندی خود گرفتند ورخصت کردند برائے تحصیلِ علم چون از تحصیل فارغ گردید وعالمِ معقول ومنقول وحاویِ فروع واصول شدند بخدمت حاجی عبداللہ سیاح

میان حافظ مدینۃ اللہ کے دو لڑکے پیدا ہوئے ایک حاجی صفت اللہ دوسرے میان حیات اللہ حاجی صفت اللہ کو بچپن سے حاجی عبداللہ سیاح نے کہ اولاد حضرت غوث الثقلین سے تھے اور عمر قریب تین سو سال کی رکھتے تھے اور خیرآباد مین استقامت قبول کئے ہوئے (حاجی صفت اللہ کو اپنی فرزندی مین لیا اور تحصیلِ علم کیواسطے رخصت کیا جب تحصیل علم سے فارغ ہوئے اور عالم معقول ومنقول اور حاوی فروع واصول ہوئے اپنے

آمدند و مرید شدند و حاجی عبد اللہ سیاح
را خلفا بسیار بودند و ہمہ عالم بودند ہر یکے
منظور بود کہ سجادگی با خواہد رسید حاجی
صاحب سجادگی و خلافت خود بہ حاجی
صفت عطا فرمودند و نعمتِ باطنی بوجہ
احسن بایشان عطا کردند حاجی صفت اللہ
تمام عمر در تدریس و ارشاد اشتغال
داشتند بعد وفاتِ مرشد بموجب تقید
مخدوم شاہ مینا قدس سرہٗ و بندگی
میان مشائخ کہ ہر دو در اکثر امور
دستگیری میکردند برائے زیارت حرمین
شریفین رفتند چنانچہ جہاز ہم بہ تباہی
قریب بود از برکتِ ایشان محفوظ ماند
یکے از برادر زادۂ ایشان میان
قدرت اللہ و یکے مرید خاص قاضی حمید
ہمراہ ایشان بودند در اکثر منازل مردمان
بایشان رجوع میکردند و مرید می شدند
چون بہ مدینہ رسیدند و قصدِ ایشان نہ
بود کہ بہ ہندوستان بروم روزے

پیر کی خدمت مین آئے اور مرید ہوئے
اور حاجی عبد اللہ سیاح
کے خلیفہ بہت تھے اور سب عالم تھے
ہر ایک کو خواہش تھی کہ سجادگی مجکو ملیگی
حاجی صاحب نے اپنی سجادگی اور
خلافت حاجی صفت کو عطا فرمائی اور
نعمتِ باطنی خاص طور پر اونکو عطا کی
حاجی صفت اللہ تمام عمر پڑھانے اور
بتلانے مین مصروف رہے اپنے مرشد
کی وفات کے بعد بموجب تاکید مخدوم
شاہ مینا قدس سرہٗ و بندگی میان مشائخ
کہ دونون اکثر کامون مین دستگیری
کرتے تھے واسطے زیارت حرمین شریفین
روانہ ہوئے چنانچہ جہاز تباہی کے
قریب تھا اونکی برکت سے محفوظ رہا
ساتھ مین اونکے ایک بھتیجے میان
قدرت اللہ اور ایک مرید خاص قاضی حمید
تھے بہت منزلون مین آدمی اونکی طرف
رجوع ہوتے تھے اور مرید ہوتے تھے

جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم
بروبا ایشان رایک جمچہ دادند ورخصت
خانہ کردند وفرمودند کہ باجماعت خوردہ
باشید چون بخانہ رسیدند بے سعی ایشان
تعلقہ مدد معاش مردمان نیاز ایشان
کردند وبسیار از شاگردان ایشان نامی
بودند وخلفاء بسیار داشتند ازانجملہ
میان غلام حاجی ساکن سندیلہ ومیان
نظام الدین ومیان قدرت اللہ برادر
زادۂ ایشان ودیگر کسان بسیار بودند
واز عرب سندِ حدیث کردہ آوردند
درین دیار حدیث بسبب ایشان
جاری شد ودلائل[۱] الخیرات مع سند
دستخطی شیخ الدلائل از عرب آوردند
وکثرتِ ورد دلائل درین دیار بسبب
ایشان شدہ وعملِ آخری چہار[۲] شنبہ
ہم از ایشان جاری گشت تعریف ایشان.

جب مدینہ پہونچے اُن کا قصد نہ تھا کہ
ہندوستان کو واپس ہوں ایک روز
جناب رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم
کو خواب مین دیکھا کہ آپ نے ایک جمچہ
دیا ہے اور گھر کی رخصت کی اجازت
دی اور فرمایا کہ جماعت کے ساتھ کہاتے
رہنا جب گھر پہونچے بغیر اونکی کوشش
کے تعلقہ مدد معاش کیواسطے لوگون نے
اونکی نذر کیا اور اون کے شاگرد نہین
کثرت سے نامی ہوئے اور خلیفہ بہت
رکھتے تھے اون مین سے میان غلام حاجی
ساکن سندیلہ ومیان نظام الدین و
میان قدرت اللہ برادر زادہ اونکے
اور دوسرے لوگ بہت ہین اور عرب سے
حدیث کی سند حاصل کرکے لائے وراس
ملک مین علم حدیث انہین کے سبب سے
جاری ہوا اور دلائل الخیرات مع سند

[۱] اس دلائل الخیرات کی نقل مع اوس سند کے جو کہ آپ کو ملی تھے آئندہ اوراق مین ملاحظہ ہو ۱۲

[۲] چونکہ عملِ آخری چہار شنبہ کی اصلیت کتب معتبرہ حدیث وفقہ سے نہین معلوم ہوئی اسلئے راقم ساکت ہے ۱۲

مستغنی از بیان است مرتبۂ قطبیت چون بایشان مفوض شد از ہر چہار طرف فقرا و زمانہ مبارک باد می دادند بارہا شب قدر را معائنہ کردند و در قابلیت ہم بے نظیر بودند و در فارسی و در ہندی ہم مہارت داشتہ بودند و خوارق عادات ایشان مشہور اند و ایشان خلافت سلسلۂ جدی خود از قطب میان گرفتہ بودند و نکاح ایشان با دختر میان نجم الدین شدہ بود از ایشان یک پسر مولوی احمد اللہ و دو دختر پیدا شدند از اولاد دختری کسے باقی نماندہ و عمر ہشتاد و ہشت سالہ داشتند و وفات ایشان بتاریخ ہیجدہم ذیقعدہ در ۱۱۵۷ ہجری بود۔

دستخطی شیخ الدلائل عرب سے لائے اور کثرت ورد دلائل الخیرات اس ملک مین آپکی ذات سے جاری ہوا اور عمل آخری چہار شنبہ کا بھی آپ نے رائج کیا اور تعریف اونکی بیان سے باہر ہے جب مرتبۂ قطبیت کا سونپا گیا ہر چہار طرف سے اہل اللہ زمانہ نے مبارکباد دی بارہا شب قدر کو آپ نے معائنہ کیا اور قابلیت مین بھی بے نظیر تھے اور فارسی و ہندی مین بھی مہارت رکھتے تھے اور خوارق عادات اونکے مشہور ہین اور اونھون نے اپنے جدی سلسلہ کی خلافت قطب میان سے پائی تھی اور نکاح اونکا میان نجم الدین کی دختر سے ہوا اون سے ایک پسر مولوی احمد اللہ اور دو دختر پیدا ہوئین دختری اولاد سے کوئی نہین رہا اور عمر اونکی اٹھاسی سال کی ہوئی اور وفات اونکی بتاریخ ۱۸- ذیلقعدہ ۱۱۵۷ ہجری مین ہوئی۔

نله بموجب تحریر مندرجہ بالا آپ کی عمر تخمیناً اٹھاسی سال کی ہوتی ہے مگر تحریر قلمی موصولہ سے ظاہر ہوا کہ آپ ۲۰ رشوال ۱۰۷۷ھ یوم جمعہ وقت فجر پیدا ہوئے اور ۱۸- ذیلقعدہ ۱۱۵۷ ہجری مین وفات پائی اس حساب سے آپکی عمر اسی سال کی ہوتی ہے بہرحال آپکی ولادت کی تاریخ مین اختلاف ہے اور تاریخ وفات مین اتفاق ہے ۱۲

احوال حضرت مولانا حاجی حافظ سید صفت اللہ خیرآبادی از کتاب مآثر الکرام

مصنفہ مولانا سید غلام علی آزاد بلگرامی مطبوعہ مطبع مفید عام آگرہ صفحہ ۳۰۱ و ۳۰۲ ۱۶/۱۷

حاجی صفت اللہؒ خیرآبادی از احفاد امجاد
شیخ الہدیہ خیرآبادی قدس سرہٗ و از اجلۂ
مشائخ و صنادید فضلا است در فنون
عقلی و نقلی شان عظیم و در رَوا داریِ
فقر منہجے قدیم داشتہ شاگرد مولوی
قطب الدین شمس آبادی است و مرید
حاجی عبد اللہ سیاحؒ از فرزندان غوث الثقلین
جیلانی رضی اللہ عنہ سالہا مسند تدریس
آراست فضلاء کثیر از گوشۂ دامنِ او بر
خاستند در ۱۱۲۴ھ ہجری اربع و عشرین
مائتہ الف احرام دیار عرب بر لبست و
بعد تقدیم مراسم حج و زیارت چندے
در حرمین شریفین زادہما اللہ کرامۃً
توقف گزید و از شیخ محمد طاہر مدنی نور اللہ
ضریحہٗ حدیث سند کرد و ہنگامۂ درس را

حاجی صفت اللہ خیرآبادی اولاد امجاد
شیخ الہدیہ خیرآبادی قدس سرہٗ سے
ہین اور جلیل القدر مشائخ اور بزرگ
فاضلون سے ہین اور فنون عقلی و نقلی
مین بڑی شان اور روا داریِ فقر مین
قدیم طریقہ رکھتے تھے اور مولوی قطب الدینؒ
شمس آبادی کے شاگرد تھے اور حاجی
عبد اللہ سیاحؒ کے کہ اولاد غوث الثقلین
جیلانی رضی اللہ عنہ سے ہین مرید ہوئے
اور برسون تدریس کی مجلس آراستہ
کی آپ کی تعلیم سے کثرت سے فاضل
ہوئے ۱۱۲۴ھ ہجری مین رخت سفر عرب
باندہا اور بعد اداکرنے حج کی رسمون کے
اور زیارت کے کچھ عرصہ تک حرمین
شریفین (زادہما اللہ کرامۃً) مین ٹھرے رہے

گرمی بخشید جمیع علماء بقاع مقدسہ بفضل وکمال او اعتراف کردند و اعزاز واکرام زائد الوصف بجا آوردند حلقۂ عظیم در درسگاہِ او منعقد می شد و عالمے از فیض تلمذ او تمتع گرفت کاتب الحروف از علماءِ حرمین شریفین تعریف مولوی بسیار گوش کرد و مستفیدانِ او باسناد تلمذ افتخار می نمودند مولوی بعد ادائے سہ حج عنان جانب وطن اصلی منصرف ساخت وبعد رجوع ازان دیار فیض آثار درس معقولات قاطبتہً موقوف کرد تا آخر عمر بوعظ و درس تفسیر وحدیث اکتفا نمود و اوقاتِ شریفہ را باشتغال باطن وریاضتِ شاقہ معمول داشت در سنہ ۱۲۳۲ھ (عشر وثلثین ومائتہ الف) وارد بنگرام شد وبرائے ملاقات علامہ مرحوم میر عبد الجلیل در دیوانخانۂ میر تشریف آورد باین تقریب رویت او اتفاق افتاد وہیجدہم ذلقعدہ سنہ ۱۲۵۷ھ یوم پنجشنبہ (سبع وخمسین ومائتہ الف)

اور شیخ محمد صالح طاہر مدنی (نور اللہ ضریحہ) سے حدیث کی سند حاصل کی اور مجلسِ درس کو روشنی بخشی تمام علماء اماکن مقدسہ اون کے فضل وکمال کا اعتراف کرتے اور اعزاز واکرام اونکا اون کے وصف سے زیادہ بجالاتے. کثرت سے لوگ اونکی درسگاہ مین جمع ہوتے اور ایک عالم نے اونکی شاگردی کے فیض سے تمتع حاصل کیا مین نے علماء حرمین شریفین سے تعریف مولوی کی بہت سُنی اور اون سے فائدہ پانے والے بوجہ سند شاگردی کے فخر کرتے تھے مولوی نے تین حج ادا کرنے کے بعد ارادہ وطن اصلی کا کیا اور بعد واپسی اُس فیض آثار ملک سے معقولات کا پڑھانا بالکل ترک کردیا اور آخری عمر تک وعظ اور تفسیر وحدیث کے درس پر قناعت کی اور اپنے نیک وقتون کو باطنی شغل اور ریاضات شاقہ مین صرف کیا سنہ ۱۲۳۲ ہجری مین

بجوار رحمت آسود طرفہ اینکہ تاریخ
وفات حاجی صفت اللہ (ملا نظام الدین) ۱۱۵۵ھ
میشود کہ معاصر اوست و ترجمہ اش گذشت
و نیز راقم اوراق گوید ؂ قطعہ

بہر عرفان صفت اللہ کہ بود
خامۂ فکرت من تاریخش
عمر گرامی ہشتاد سال مرقد منور او
در خیر آباد است۔

وارد بلگرام ہوئے اور علامہ مرحوم
میر عبد الجلیل کی ملاقات کے لیے
اون کے دیوانخانہ مین تشریف لائے
اسوجہ سے مجھے اونکے دیکھنے کا اتفاق ہوا
اور ۱۸ ذیقعدہ ۱۱۵۵ھ ہجری یوم پنجشنبہ
کو وفات پائی۔ طرفہ یہ کہ تاریخ وفات
حاجی صفت اللہ (ملا نظام الدین)
ہوئی کہ ایک اونکے ہم زمانہ تھے اور
ترجمہ اوسکا تاریخ وصال ہے اور
ایک قطعہ تاریخ راقم نے یون لکھی ہے

عالم و عامل والا رتبت
زد رقم۔ صدر نشین جنت ۱۱۵۵ھ
آپکی عمر اسّی برس کی ہوئی اور مزار
مبارک خیر آباد مین ہے۔

احوال مولانا حافظ حاجی سید صفت اللہ محدث خیر آبادی رحمۃ اللہ علیہ

از کتاب بحر ذخار قلمی جلد اول فرنگی محل لکھنؤ ۱۲۶۹ھ

معوج احوال۔ آن محرم کعبۂ باطن و ظاہر آن
سر معرفت را محرم و ماہر آن مسرور المزاج و

طبعش مائل بآزادی قطبِ وقت حضرت
حاجی صفت اللہ خیر آبادی از فرزندان
مخدوم سید نظام الدین عرف شیخ الہدیہ
از علمار جلیل القدر در علم صوری ومعنوی
محتشم زمانہ حاجی وحافظ در بذل وسخاو
زہد وورع نوعے خلاف طریق این طائفہ
نرفت در خانوادۂ عالیہ قادریہ مرید حاجی
عبداللہ سیاحؒ است از مجاہداتِ شاقہ
آخر بمرتبۂ قطبیت رسید چنانچہ سائر اہل اللہ
جوانب واطراف اور اتہنیتِ قطبیت
نوشتند ابتدائے احوال حضرت حاجی حافظ
تحصیل علم نمودہ بعدش بمجاہدات دین مشغول
گشت لیکن تدریس را موقوف نساخت
پس از کوششِ بسیار کہ صفائیِ باطن از
مشاہدات انوارِ ذات بحت مشرف گشت
وحاجی عبداللہ سیاحؒ را وقت آخر رسید
جمیع اماناتِ پیران حوالہ او نمودہ ازین
جہان درگذشت پس حضرت حاجی بہ بیت اللہ
رفت تا سہ سال سندِ حدیث آنجا نمود

قطب وقت حضرت حاجی صفت اللہ خیر آبادی
حضرت مخدوم سید نظام الدین عرف
شیخ الہدیہ خیر آبادی کی اولاد سے ہین
آپ عالم جلیل القدر علوم صوری و
معنوی مین محتشم زمانہ تھے اور سخاوت
وزہد وورع مین خلاف طریق اس طائفہ
کے نہ تھے خانوادۂ عالیہ قادریہ مین مرید
حاجی عبداللہ سیاحؒ کے تھے مجاہداتِ
شاقہ سے آخر مرتبہ قطبیت پر فائز ہوئے
چنانچہ جمیع اہل اللہ جوانب واطراف سے
آپ کو تہنیتِ قطبیت یعنی مبارکباد
لکھتے ابتدائے تحصیل علم کیا اوسکے بعد
مجاہدات دین مین مشغول ہوئے لیکن
تدریس کو موقوف نہین کیا۔ بعد کوشش
بسیار جب صفائیِ باطن مشاہداتِ ذات
حق سے مشرف ہو گئے۔ اور حاجی عبداللہ
سیاحؒ کا وقت آخر ہوا تو جمیع اماناتِ
پیران آپ کے حوالہ کر کے اس جہان سے
کوچ فرمایا اوسکے بعد آپ بیت اللہ

بعد از آن کہ معاودت کرد در میان اہلِ
زمانہ احترام کلّی بہم رسانید کہ سخن تدریس
حدیث از ذاتِ او درین ملک جاری شد
وحضرت حاجی خوش طبع بود اکثر سخن حریفانہ
وظریفانہ می فرمود واز اغنیا ملاقات بیشتر
داشت لیکن بہ ظرافت طبع خواہ نخواہ
از تقاضا چیزے گرفتن از آنہا شعار داشت
در اثنائے راہ اگر کسے دعوت میکرد میگفت
چہ خواہی پخت او گفت کہ نان خشک
حاضر دارم فرمود کہ این غلط است البتہ
از اطعمۂ لذیذ و لطیف خواہی پخت پس
حساب کردہ نصف زرِ قیمتش بفقیر بدہ کہ
تو از ادائے سنت دعوت شوی و فقیر از
بدعتِ دعوت وارہد از معمولاتش بود دوام
بعد نماز ظہر وعظ صحیح بخاری و بعد از نماز
جمعہ آیاتِ قرآن میگفت و تمام عمر نماز
پنجگانہ یک وقت ہم بے جماعت نگذرانید
آخر عمر پائے مبارکش شل گشتہ از غایت تکلیف
برائے نماز جمعہ میرفت و باقی نماز پنجگانہ خود

شریف چلے گئے وہاں تین سال تک
قیام فرمایا اور حدیث کی سند حاصل کی
بعدہٗ وطن واپس آئے چونکہ تدریس
حدیث اس ملک مین آپ کی ذات سے
جاری ہوا اسوجہ سے علماء زمانہ آپ کا
احترام کلی رکھتے تھے آپ خوش طبع بھی
تھے اکثر سخن ظریفانہ آپ کی زبان مبارک
سے نکل جاتے تھے امرا سے زیادہ
ملاقات رکھتے (وہ اسوجہ سے کہ بہ نسبت
غربا کے امرا زیادہ گمراہ ہوتے ہین
اسلئے اونکی اصلاح کو آپ بہت ضروری
خیال کرتے) اور امرا سے جس چیز کو آپ
پسند فرماتے لے لیتے اور وہی چیز زیادہ تر
پسند فرماتے جو امرا کو بہت مرغوب ہوتی
راستہ مین اگر کوئی دعوت کرتا تو آپ فرماتے
کہ کیا پکوایا ہے وہ کہتا کہ نانِ [illegible] آپ
فرماتے کہ یہ غلط ہے طعام لذیذ تم کو کھلوانا
مقصود ہے لہذا اوسکی قیمت اندازہ کرکے
نصف قیمت مجکو دیدو تاکہ تم ادا سے

با جماعت ادا میکرد غرضکه وے شیخ وقتِ
خود بود کمالاتش بچند انست که این
مختصر گنجائش آن داشته باشد نقلے
چند تیمنا نوشته می شود وقتے عیسیٰ بیگ
خان عامل سرکار خیر آباد در عشرۂ ماہِ محرم
بزعم اختلاف عقائد اکثر حرفِ تحقیر در شانِ
آن بنیظیر گفت بمجرد استماع این متغیر شده
بسوئے فرخ آباد که اطفال محمد خان
بنگش بمرتبۂ معتقد او بودند رفت بعد
چندے خود بخود عامل مذکور پیغام
فرستاد عذر خواست وتمنائے قدومش
بخیر آباد نمود پس آن حضرت عامل مذکور
بکمال عقیدت خطبۂ نسخہ میزان حمد وصلوٰۃ
از آن حضرت تلمذ نمود خود را داخل
حلقۂ شاگردانش کرد واز خدماتِ
شائستہ پیش آمد وقتیکه از زندگیِ مستعار
آن حضرت ایام معدود باقی ماند روزے
از مولوی احمد الله خلفِ خود آیتِ کلام مجید
خوانید وترجمۂ آن فرمود که خاصانِ

سنت کا ثواب پاؤ اور مین بدعت رد و
دعوت سے بچون آپ کا معمول تھا کہ
ہمیشہ بعد نمازِ ظہر وعظ صحیح بخاری اور
بعد نماز جمعہ وعظ آیاتِ قرآنی کا فرماتے
اور تمام عمر نماز پنجگانہ سے ایک وقت
کی بھی نماز بلا جماعت نہین پڑھی
آخر وقت مین پائے مبارک ورم کر گئے
تھے نہایت تکلیف سے نماز جمعہ کیواسطے
جاتے اور باقی نماز باجماعت اپنے گھر مین
ادا فرماتے غرضکہ آپ شیخ وقت تھے
کمالات آپ کے اسقدر ہین کہ اس
مختصر مین گنجائش نہین کہ تحریر کئے جاوین
مگر چند نقلین تبرکاً تحریر کی گئین جب
عیسیٰ بیگ خان عامل سرکار خیر آباد
عشرۂ محرم مین بزعم اختلافِ عقائد
اکثر حرفِ تحقیر آپ کی شان مین کہتا
اوسکی خبر آپ کو برابر ہوتی تھی جب
آپ بہت پریشان ہوئے اور متغیر
ہو کر فرخ آباد تشریف لے گئے وہان

درگاهِ باری خصوصیتے است کہ وفات ایشان دست بدعا بجناب الٰہی برمی دارند وازغائت ضعف دستِ آنہا مقابل اونمی شود تاسینہ رسیدہ می افتد وقبراین طائفہ می باید کہ مردم چندان کشادہ دارند کہ دراقامت ورکوع وسجود ونماز حرج نشود بعدازدوروز حالت آنحضرت متغیر شد درحالت استغراق نشستہ بودرئیسان شہر ازصغار وکبار حاضر بودند مولوی احمد اللہ پسرش التماس کردکہ درین وقت خاص درحق بندہ دعائے شودکہ بعد ساعتے سر برآوردوفرمودکہ درحقِ تو دعاکردم واجابت شدکہ مدام تراحضوری پیغمبر صلعم مہیا خواہدشد مولوی احمد اللہ ودیگران پروانہ واربرگرد آن شمع عرفان نثارگردیدند پس وقت جان سپاری دستہائے مبارک خود بدعا برداشت آن دستہا برسینہ رسید وبیفتادند مولوی احمد اللہ را آن روز ارشاد پدر خود یاد بود

اطفال محمد خان بنگش آپ کے معتقد تھے عرصہ تک آپ خیرآباد نہین گئے ایک روز خودبخود وہ گھبرایا اور ایک معذرت نامہ آپ کو لکھا اور بہت عذرخواہی کی تب آپ خیرآباد تشریف لائے عامل مذکور کمال عقیدت سے آپ کا شاگرد ہوا اور خطبۂ میزان حمد وصلوٰۃ آپ سے پڑھا اور نیک خدمت سے پیش آنے لگا جب حیات مستعار مین چند روز اور باقی رہے ایک روز حضرت مولانا احمد اللہ صاحب اپنے صاحبزادے کو بلاکر آیت قرآن مجید پڑھوائی اور ترجمہ اوسکا کیا کہ خاصانِ خدا کیواسطے خصوصیت ہے کہ اونکی وفات کے وقت ہاتھ اونکا دعا کیواسطے بجناب احدیت اُٹھتا ہے اگر زیادہ ضعف کیوجہ سے منہ تک ہاتھ نہین پہونچتا ہے توسینے تک آتا ہے ان حضرات کی قبر کو بہت کشادہ تیار کرنا چاہیے تاکہ قیام ورکوع وسجود

دانست کہ آن روز اشارہ باین دعا بود حالا وقت آن رسید پس از مردم ظاہر کرد کہ حالا آنحضرت را وقت آخر است تاریخ ہیجدہم ذیقعدہ روز جمعہ وقت فجر در ہمان روز جان مشاہدۂ جانان تسلیم نمود گل باغِ جنان ۔ تاریخِ اوست ۔

رحمۃ اللہ علیہ ۔

بآسانی ادا ہو سکے بعد دو روز کے حالت حضور کی متغیر ہوئی آپ حالتِ استغراق مین تھے کہ رئیسانِ شہر صغار وکبار حاضر ہوئے مولوی احمد اللہ نے التماس کیا کہ اس وقتِ خاص مین میرے واسطے دعا فرمائیے حضرت نے بعد ایک ساعت کے سر اُٹھایا اور فرمایا کہ تیرے حق مین مین نے دعا کی ہے تجکو ہمیشہ حضوری حضور کریم صلی اللہ علیہ وسلم میسّر ہوگی مولوی احمد اللہ صاحب اور دیگر حضار پروانہ وار آپ کے گرد نثار ہوگئے وقت آخر حضرت نے دونون ہاتھ دعا کے واسطے اُٹھائے اور وہ سینے تک اُٹھکر گر پڑے مولوی احمد اللہ صاحب کو ارشاد مذکورۂ بالا یاد آگیا لوگون سے فرمایا کہ حضرت کا اب وقت آخر ہے آخر کار اٹھارہ ذیقعدہ ۱۲۸۵ہجری بروز جمعہ وقت فجر جان بمشاہدۂ جانان تسلیم کیا گل باغ جنان ۱۲۸۵ھ تاریخ وصال ہے رحمۃ اللہ علیہ ۔

احوال حضرت مولانا حاجی سید صفت اللہ رحمۃ اللہ علیہ از کتاب تاج العروس فی شرح القاموس مصنفہ حضرت مولانا سید مرتضیٰ حسین صاحب زبیدی مطبوعہ مصر صفحہ (۱۹۷)

من الجزء الثالث من تاج العروس من فصل الخاء من باب الراء فی مادۃ (خیر) صفحہ (۱۹۷) مطبوعہ مصر فرغ من ھذا الجزء الخمس بقیت من رمضان المکرم من شہور ۱۱۸۳ سنہ ہجری.

وخیرآباد مدینۃ کبیرۃ بالھند منہا شیخنا الامام المحدث المعمر صفت اللہ بن الہداد الحنفی روی عن الشیخ عبد اللہ بن سالم البصری وغیرہ الخ

(ترجمہ) مادۂ خیر فصل خاء از باب الراء جلد ثالث تاج العروس شرح قاموس صفحہ (۱۹۷) مؤلفہ حضرت سید مرتضیٰ حسین زبیدی[1] رحمۃ اللہ علیہ مطبوعہ مصر اس جلد کی تالیف سے ۲۵ ر رمضان المبارک ۱۱۸۳ھ ہجری کو آپ نے فراغت پائی۔

اور خیرآباد ایک بڑا شہر ہے ہندوستان کا ہین اوسمین سے ہمارے اوستاد امام محدث معمر صفت اللہ از اولاد مخدوم الہداد یہ (خیرآبادی) حنفی المذہب اور وہ روایت فرماتے ہین شیخ عبد اللہ[2] ابن سالم بصری وغیرہ سے الخ

---

[1] یہ بزرگ اصل بلگرام کے ہین مگر تمام عمر اونکی دیار مقدسہ عربیہ مین گذری ہی اور نہایتہً زبید جو ملک یمن کا مشہور شہر ہی اقامت وہان اختیار فرمائی اور اوسی نسبت سے حضرت سید مرتضیٰ حسین زبیدی اونکا نام وشہرت ہے بارہوین صدی کے جو یکتا اور عالم محقق مدقق محدث ادیب صوفی حنفی المذہب تمام علوم اور فنون مین یکتائے روزگار ومقتدائے عصر گذری ہین کثیر التصانیف اور نہایت وسیع النظر ہین اور اپنے بعد والون کے لیے نہایت مستند ہستی سمجھے جاتے ہین منجملہ اہم تصانیف کے تاج العروس شرح قاموس بھی ہے اوسمین مادۂ خیر مین جو صاحب قاموس پر استدراکات کئے ہین اوسمین خیرآباد کا بھی ذکر فرمایا ہے اور حضرت حاجی صفت اللہ قدس سرہ العزیز کا ذکر خیر کیا ہے اسطرح کہ اپنے کو اونکے شرف تلمذ سے مشرف ہونیکا صاف عبارت مین ذکر کیا ہے ۱۲ [2] شیخ عبد اللہ بن سالم بصری اوستاذ الاساتذہ و شیخ الشیوخ علماء حرمین شریفین وشام ومصر ویمن ومقتدائے محدثین اپنے عصر کے ہین دیگر ممالک اسلامیہ کے مشاہیر بھی آپ کے عصر مین آپ کے تلمذ سے مشرف ہوئے گیارہوین صدی کے متفق علیہ جلیل القدر امام وپیشوائے محدثین ہین ۱۲

احوال حضرت مولانا حاجی سید صفت اللہ صاحب محدث خیر آبادی از کتاب فصول مسعودیہ[1] صفحہ (۸۰ تا ۸۱) مصنفہ حضرت مولانا سید شاہ مسعود علی صاحب قلندر قدس سرہ الاطہر الہ آبادی

حضرت مولانا سید شاہ باسط علی صاحب قلندر الہ آبادی قدس سرہٗ جنکے پیر مرشد حضرت سید شاہ الہدیہ صاحب قلندر لاہرپوری رحمۃ اللہ علیہ ہین اور آپ کا مزار بمقام ولگڈھ شریف اطراف الہ آباد مین ہے آپ فرماتے ہین کہ مجھسے میرے پیر مرشد نے اشارہ فرمایا کہ اگر تم کو علم ظاہری کی تکمیل ہی کرنا منظور ہے تو خیر آباد حضرت حاجی سید صفت اللہ خیر آبادی (قدس سرہٗ) کے پاس جاؤ چنانچہ آپ بموجب ہدایت کے اپنے پیر مرشد سے رخصت ہو کر خیر آباد حاجی الحرمین حاجی صفت اللہ محدث خیر آبادی قدس سرہٗ کیخدمت مین آئے اور ملے اور قریب پانچ سال کے حاجی صفت صاحب کیخدمت مین رہے اور تعلیم پانے لگے جلدین آخرین از ہدایہ وبقیہ کتب درسیہ مانند شرح مواقف وحاشیہ میر زاہد برامور عامہ شرح مذکور وغیرہ کتب معقولات ومنقولات وتفاسیر واحادیث پڑھ کر سند حاصل کی بعدہٗ حاجی صفت صاحب نے پوچھا کہ اب کیا ارادہ ہے اگر تحصیل معاش کا ارادہ ہو تو مین تمھارے لئے ملک یا روزینہ یا خدمت وغیرہ کی کوشش کرون کیونکہ امیرون کے دربار مین مجھے اس امر کی استطاعت ہے مگر شاہ باسط علی صاحب نے فرمایا کہ میرا ارادہ گوشہ نشینی کا ہے حاجی صاحب نے فرمایا کہ میرے پیر مرشد حضرت حاجی عبداللہ سیاح صاحب رحؒ ہین آپ نے فرمایا ہے کہ جو شخص گوشہ نشینی اختیار کرے اگر اوسکا دل ہلے تو پیر نہ ہلاوے یعنی قناعت قلبی اختیار کرے اور اگر بالفرض کوئی خطرہ دل مین پیدا ہو تو اپنے استقامت کے پیر نہ ہلنے دے چنانچہ شاہ صاحب جیسا کہ اس سے پہلے امور باطنی کے ساتھ شغل رکھتے تھے ویسا ہی بعد

[1] یہ کتاب فارسی مین ہے یہان ترجمہ درج کیا گیا۔ ۱۲

فراغت علم مشغول رہتے تھے جب ایک ماہ گذر گیا تو آپ کے بڑے بھائی محمد وارث شاہ صاحب تمام جستجو کرتے ہوئے خیرآباد آئے اور آپ کو باصرار تمام الہ آباد ۱۲۰۹ھ ہجری مطابق ۱۲۴۲ فصلی مین لیگئے۔ از نفحات العنبریہ مصنفہ حضرت مولوی محمد تقی حیدر صاحب کاکوروی مطبوعہ اصح المطابع صفحہ ۳۲و۳۳ طریق مصافحہ معمری جو ابتک علماء خاندان فرنگی محل لکھنؤ مین جاری ہے یہ سلسلہ اسطرح پر ذکر کیا گیا ہے کہ جناب مولوی شاہ عبد الرزاق فرنگی محلی نے مولوی عبد الوحید محمد سے اور اُونھون نے اپنے پدر بزرگوار مولوی عبد الواحد سے اور اونھون نے اپنے جد بحرالعلوم ملا عبد العلی محمد سے اور ممدوح نے مولوی امین الدین سیہنوری سے اور اُونھون نے حاجی صفت اللہ خیرآبادی سے اور موصوف نے حضرت شیخ عبد اللہ حنبلی سے اور اُونھون نے حضرت شیخ عبد العزیز عمبر دار قلندر سے اور اُونھون نے حضرت سرور کائنات صلی اللہ تعالےٰ علیہ وسلم سے ۔ فقط

احوال حضرت مولانا حاجی سید صفت اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ از کتاب کشف الرموز صفحہ (۱۶و۱۷) مصنفہ قدوۃ السالکین زبدۃ العارفین حضرت مولانا شاہ سید باسط علی صاحب رحمۃ اللہ علیہ خلیفۂ حضرت سید اللہ آبادی

دربیان احوال استاد

بشنو اکنون وصف آن حاجی صفت	بالیقین بودہ ز اہل معرفت
در علوم جملہ بودہ بے نظیر	خاص در علم حدیثے بس خبیر
در مدینہ مکہ بودہ چند سال	کرد اسناد حدیث آنجا کمال
زین سبب لفظ محدث انضمام	یافتہ با نام پاکش مستدام

حاجی الحرمین حافظ ہر قرائت — واعظ ہر خاص و عام آن پاکذات
شد مشرف او لطوف شہ نجف — رفت در بغداد بہر این شرف
کرد طوف و سیر اندر ہر کجا — تاکہ سنت پیر خود آرد بجا
گر بگویم خلق او را مو بمو — گفتہ نآید شمہ زان فرخندہ خو

عارف کامل مکمل شاہباز
ذات او فانی شدہ در بے نیاز

احوال حضرت مولانا حافظ سید احمد اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ از اوراق قلمی کتبخانہ مدرسہ عربیہ قدیم خیرآباد

وجانشین ایشان پسر ایشان (مولوی احمد اللہ) شدند کہ در علم و فقر زیادہ از پدر شدند و مرید آن ہم بسیار بودند و خوارق عادات ایشان مشہور اند حاجت بیان ندارند و مرتبہ غوثیہ داشتند و عمر چہل و شش سالہ داشتند بتاریخ دوئم رجب لیلۃ الرغائب[1] وفات یافتند در وقت وفات پدر او گفتند کہ برائے شما در جناب رسالت سعی حضوری مجلس کردہ بودم قبول افتاد چنانچہ مولوی احمد اللہ اکثر

اور جانشین مولوی حاجی صفت اللہ کے اونکے صاحبزادے مولوی احمد اللہ ہوئے کہ علم اور فقر مین زیادہ اپنے پدر بزرگوار سے تھے اور شاگرد اونکے حد سے زیادہ ہوئے اور مرید اونکے کثرت سے تھے اور خوارق عادات اونکے مشہور ہین حاجت بیان کی نہین رکھتے ہین اور مرتبہ غوثیہ رکھتے تھے۔ چھیالیس سال کی عمر پائی اونکے باپ نے اپنی وفات کے وقت فرمایا تھا کہ مین نے تمھارے واسطے درگاہ

[1] ماہ رجب المرجب کے پہلے جمعہ کی شب کو لیلۃ الرغائب کہتے ہین ۱۲۔

در مجلس آن سرور ہر وقت کہ خواستند
حاضر می شدند و پدر و پسر ہر دو بعد جمعہ
وعظ قرآن میگفتند و روزمرہ بعد از ظہر وعظ
حدیث میگفتند و مریدان ایشان حافظ قرآن
و دلائل الخیرات می بودند مولوی احمد اللہ از بستم
شعبان اعتکاف می نمودند و روزینہ بست
و پنج مرتبہ دلائل الخیرات می خواندند و دہ
پارہ قرآن شریف می خواندند روزے
وضو می کردند شخصے آمد و گفت کہ کسے فرزند
ندارم از ریش خود قطرات چند در دست
او دادند و گفتند بخور آنرا آن شخص نوشید
بعد از چندے در ہمون سال بخانہ او فرزند
متولد شد۔

یک بار یک گنوار پیش ایشان پیغام فرستاد
کہ سر شمارا از پاسبانان خواہم طلبید ایشان
جواب داد کہ واللہ اعلم سر کدام پاسبانان
بہ تراشد در چند عرصہ سر آن گنوار پاسبانان
تراشیدند و دیگر خوارق بسیار اند اگر نوشتہ شود
طول کشد در سنہ ۱۲۶۱ ہجری وفات یافتند یکے

رسالت مین حضوری مجلس کی دعا کی تھی
قبول ہوئی چنانچہ مولوی احمد اللہ اکثر مجلس
حضور سرور کائنات مین جب چاہتے حاضر
ہوتے باپ اور بیٹے دونون کا معمول تھا
کہ دونون بعد نماز جمعہ وعظ کلام اللہ شریف
اور بعد نماز ظہر روزمرہ وعظ حدیث کا فرماتے
تھے۔ اور مرید اون کے حافظ قرآن و
دلائل الخیرات کے ہوتے تھے مولوی احمد اللہ
بیسوین شعبان سے اعتکاف کرتے تھے
اور روزانہ پچیس ۲۵ بار دلائل الخیرات اور
دس پارہ کلام مجید کے پڑہتے تھے ایک روز
وضو کر رہے تھے ایک شخص نے آکر کہا کہ مین
کوئی لڑکا نہین رکھتا ہون پانی کے
چند قطرے داڑھی سے گرتے ہوے
آپ نے اوسکو دئے اور کہا کہ پی لے
اوسنے پی لئے تھوڑے عرصہ کے بعد اوسکے
گھر لڑکا پیدا ہوا۔

ایک مرتبہ ایک گنوار نے آپ کے پاس
پیغام بھیجا کہ تمھارا سر پاسیون سے منگاؤن گا

از شاگردانِ ایشان قطعہ گفت است ؎

مقبل عالم امامِ محتشم
بے سرو پا آمد از روئے درد

و در علم و فقر چنان کمال پیدا کردہ بودند کہ اساتذہ و مرشدانش لیاقتِ ایشان را بر خود ترجیح دادہ و از دو پسر و دو دختر اولاد گذاشتند یک دختر پسر میان شعیب کہ میان اسمٰعیل نام دارند کتخدا شد از ان مولوی ابراہیم پیدا شدند و دختر دوم پسر چنان محمد اسحٰق کہ میان غلام غوث نام داشتند کتخدا شد از ان حافظ ابوالخیر

اونھون نے جواب دیا کہ واللہ اعلم کسکا سر پاسی کاٹین گے تھوڑے عرصہ مین سر اوس گنوار کا پاسیون نے کاٹ ڈالا اور دوسرے خوارق عادات بہت ہین اگر لکھے جاوین طول ہوجائین گے سنہ ۱۲۶۷ ہجری مین وفات پائی ایک نے اون کے شاگردون مین سے یہ قطع تاریخ کہا ہے ؎

چون سفر کرد از جہان سوئی عدم
علم و فضل و مجد ہم حلم و حشم [1]

اور علم و فقر مین ایسا کمال حاصل کیا تھا کہ اون کے اوستادون اور مرشدون نے اونکی لیاقت کو اپنی لیاقت پر ترجیح دی تھی دو لڑکے اور دو لڑکیون سے اونکی اولاد چلی ہے ایک لڑکی پسر میان شعیب سے کہ جنکا نام میان اسمٰعیل تھا کتخدا ہوئین اون سے مولوی ابراہیم پیدا ہوئے اور دوسری لڑکی پسر میان

[1] مصرع تاریخ تخرجہ مین صنعتِ سراپا سے نکالی گئی ہے علم فضل مجد ہم حلم و حشم قطعہ کے مصرعہ ثالث مین ترکیب استخراج یہ رکھی گئی ہے علم فضل مجد ہم حلم و حشم سے اول و آخر حرف دور کردیا جاوے اور (درد) کا دال جو کہ اوس مصرعہ کے مطابق منہ سراپا کا ہی نکال ڈالا جاوے سنہ ۱۲۶۷ ہجری پیدا ہونگے ۱۲۔

بیدا شدند دو پسر مولوی غلام امام و مولوی غلام صدیق بودند این ہر دو بعد تحصیل علم تلقین و ارشاد از حضرت شاہ قدرت اللہ گرفتند و میان حیات اللہ برادر کلان حاجی صفت اللہ بودند بعد از عالم شدن برادر خورد طریق مہذت اختیار کردند و مرید برادر خورد شدند و اولاد بسیار داشتند۔

محمد اسحق سے کہ میان غلام غوث نام رکھتے تھے منعقد ہوئین اون سے حافظ ابو الخیر پیدا ہوئے اور دو لڑکے مولوی غلام امام اور مولوی غلام صدیق تھے ان دونون نے بعد تحصیل علم ظاہری کے تلقین و ارشاد حضرت شاہ قدرت اللہ سے پایا ہے اور میان حیات اللہ حاجی صفت اللہ کے بڑے بھائی تھے اپنے چھوٹے بھائی حاجی صفت اللہ کے عالم ہونے کے بعد طریق مہذت اختیار کیا اور اپنے بھائی کے مرید ہوئے اور اولاد بہت رکھتے تھے

احوال حضرت مولانا حافظ سید احمد اللہ صاحب قدس سرہ خیر آبادی

از کتاب مآثر الکرام مصنفہ مولانا سید غلام علی آزاد بلگرامی

مولوی احمد اللہ خلف الصدق او منقولات از والد شریف خود اخذ نمود و معقولات در خدمت شیخ کمال الدین محمد سہالوی فتحپوری گزرانید عمر گرامی بافادۂ علوم ظاہر و ارشاد باطن بآخر رسانید

اونکے بیٹے مولوی احمد اللہ نے منقولات اپنے والد شریف سے حاصل کئے اور معقولات شیخ کمال الدین محمد فتحپوری سہالوی سے حاصل کئے تمام عمر علم ظاہری کے فائدہ پہونچانے مین

وشبِ مستهل رجب لیلة الرغائب
۱۱۶۷ھ (سبع وستین و مائة الف)
در نزہت کدۂ قدس آسود و در جنب
احاطۂ مرقد والد بزرگوار خود استراحت
فرمود۔

اور طریقِ باطن کی راہ دکھانے مین
صرف کی اور ۱۱۶۷ھ رجب لیلة الرغائب
فضائے قدس مین آرام فرمایا اور والد بزرگوار
کے مزار کے قریب جانب جنوب اسی
احاطہ مین مدفون ہوئے۔

احوال حضرت مولانا حافظ سید احمد اللہ صاحب قدس سرہٗ خیر آبادی

از کتاب بحر ذخار قلمی جلد اول فرنگی محل لکھنؤ ۱۶۹

موج احوال۔ آن صفحۂ صحیفۂ ابرار اللہ
حضرت مولوی احمد اللہ خلف و خلیفہ
حاجی صفت اللہ است حافظ و فاضل
ومحدث ومتورع متشرع مجاہد مشاہد
ممتاز مرتاض محمود ممدوح مسعود مشکور
مشہورِ عالم بود در کمالات صوری و
معنوی و علوم حالات صوفیہ ناظر
ومعاملات علویہ قدم بقدم پدر بزرگوار
بلکہ مشائخ عالی تبار بودہ است صاحب
خوارق بود کافرے باو پیغام داد کہ

آن صفحۂ صحیفۂ ابرار اللہ حضرت مولوی
احمد اللہ خلف وخلیفہ حاجی صفت اللہ
کے ہین حافظِ قرآن اور فاضل اور
محدث اور متقی اور پابند شریعت صاحب
مجاہدہ و مشاہدہ ممتاز و مرتاض محمود
وممدوح مسعود و مشکور مشہورِ زمانہ تھے
کمالاتِ ظاہری اور باطنی مین اور صوفیہ
کے علوم کے حالات دیکھنے والے اور
معاملاتِ علویہ مین قدم بقدم اپنے
پدر بزرگوار کے بلکہ مشائخین عالی تبار کے

من تراخواهم گشت گفت خدا داند که
این واقعه بکه رود هر پس از چند روز آن
کافر از دستِ دیگرے کشته شد و شخصے
تمنائے اولاد کرد بقیه آب وضوی خود
باو بخشید که باهلیه خود بخوراند فرزند
حاصلش آمد در بابِ فاتحه فرمودے
که طعام بمحتاجان دهند و ثوابش
بمیت بخشند البته نفع به مردگان
میرسد و اگر خود خورند خیر۔
بتاریخ دوئم رجب سنه یکهزار و یکصد و شصت
و هفت بجوار رحمت حق پیوست از پسرانش
مولوی غلام امام بر طریقهٔ پدر و جد
خود است سید حیات الله برادر حاجی
صفت الله درویش بود۔

تھے صاحبِ کرامت تھے ایک کافر نے
پیغام بھیجا کہ مین تم کو مار ڈالونگا فرمایا کہ
خدا جانے یہ واقعہ کسکو پیش آوے
تھوڑے دنون کے بعد وہ کافر دوسرے
کے ہاتھ سے مارا گیا ایک شخص نے
اولاد کی تمنا کی آپ نے وضو کا بچا ہوا
پانی اوسکو دیا اور فرمایا کہ اپنی بیوی کو
پلادے اوسکے لڑکا پیدا ہوا فاتحہ
کی بابت آپ نے فرمایا کہ کھانا محتاجون
کو دین اور ثواب اوسکا میت کو دین
یہ طریقہ مُردون کو نفع پہونچاتا ہے اور
اگر خود کھائین مضائقہ نہین۔
بتاریخ دوئم رجب المرجب ۱۱۶۷ ہجری
مین وفات پائی۔ اون کے لڑکون مین
سے مولوی غلام امام اپنے باپ دادا
کے طریقہ پر ہین اور سید حیات اللہ برادر
حاجی صفت اللہ درویش تھے۔

احوال حضرت مولانا حافظ سید احمد اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ خیرآبادی از کتاب کشف الرموز مصنفہ قدوۃ السالکین زبدۃ العارفین مولانا سید شاہ باسط علی صاحب قلندر الہ آبادی رحمۃ اللہ علیہ

در بیان احوال اوستاد زادہ

وصف فرزندش کنون باید شنود	در فصاحت در بلاغت گو ربود
مولوی و معنوی ہمچو پدر	از علوم جملہ باشد باخبر
احمد اللہ است نام پاک او	خاص و عام از ذات پاکش فیض جو

چونکہ وصفش ہست بیرون از بیان
پس دعایش می کنم ورد زبان

احوال حضرت مولانا مولوی حافظ سید احمد اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ خیرآبادی جو مختصراً دیگر قلمی تحریر سے دستیاب ہوئے

آپ ۱۱۹۱ ہجری مین پیدا ہوئے جب آپ پیدا ہوئے دایہ غسل دیکر آپ کو آپ کے والد ماجد کی خدمت مین لیگئی حضرت حاجی صاحب آپ کو دیکھکر بہت خوش ہوئے۔ اور خرقہ یعنی ایک کرتہ اپنے ملبوس خاص سے تیار کرا کے پہنا دیا اور "مولانا احمد اللہ"

سلہ آپ سے بھی بیشتر کرامات کا ظہور رہوا ہے جو قصبہ مین مشہور ہین مین نے آپ کے مفصل حالات دریافت کرنے مین کوشش کی مگر وافر طور پر نہین ملے بعد سعی بسیار جو کچھ مل سکے درج کئے گئے ۱۲

نام رکھا یعنی اول لفظ مولانا حضرت نے فرمایا جسکا نتیجہ یہ ہوا کہ آپ پچیس ۲۵ برس کے سن مین حافظ و فاضل و محدث مشہور عالم ہو گئے۔ آپ عالم العلماء دہر و اعظم مشائخ عصر تھے، علم شریعت و طریقت۔ و معرفت مین کامل دستگاہ رکھتے تھے۔ اور مدت تک تعلیم و تربیت طلب ظاہری و باطنی مین مصروف رہے۔ بعدہٗ بارادۂ زیارت مزار خواجگان چشت اہل بہشت دار الخیر اجمیر شریف حاضر ہوئے اور زیارت روضۂ مقدسہ سے مشرف ہوکر چندے وہان قیام فرماکر استفادہ حاصل کرکے اجودھن یعنے پاک پٹن حاضر ہوئے چند روز وہان معتکف رہ کر فیضانِ روحانیت باباصاحب سے حاصل کرکے خیرآباد تشریف لائے۔ آپ بھی اپنے والد ماجد کی طرح وعظ فرمایا کرتے بعد ظہر روزانہ حدیث شریف اور بعد نماز جمعہ کلام مجید کا وعظ فرمایا کرتے اور ہمیشہ نماز باجماعت ادا فرماتے اور نوافل کی بہت کثرت فرماتے اشراق و چاشت و اوابین تو معمول تھا دیگر نوافل بھی ترک نہ فرمائین آپنے بڑے بڑے مشائخون سے فیض حاصل کیا ہے وفات شریف ۲ رجب المرجب ۱۲۶۰ھ؁ ہجری مین ہوئی۔

مختصر احوال حضرت مولانا حافظ سید غلام امام صاحب و حضرت مولانا حافظ سید غلام صدیق صاحب رحمۃ اللہ علیہم خیرآبادی

بعد وفات حضرت مولانا حافظ سید احمد اللہ صاحب مولانا حافظ سید غلام امام صاحب اپنے پدر بزرگوار کے خلیفہ اور جانشین ہوئے۔ آپ کو مختلف سلسلون کی اجازت مولانا حاجی قدرت اللہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے تھی آپ علم معقول و منقول فروع و اصول

علوم ظاہری و باطنی کے عالم متبحر باعمل مشہور تھے آپکو تاحیات خود اس مدرسہ
کی تعلیم بدل ملحوظ تر رہی جس سے آپ کی تعلیم کا اس مدرسہ مین بکثرت فیض جاری رہا
آپ کی تعلیم سے صدہا طلباء فیضیاب ہوئے اور آپ کے بکثرت مرید ہوئے ہین آپ
متوکل تھے یاد خدا مین زیادہ مصروفیت رہتی تھی چونکہ آپکے کوئی اولاد نہ تھی اسوجہ
سے اپنے بھائی مولوی حافظ سید غلام صدیق صاحب کو اپنا سجادہ نشین کیا بدینوجہ
سلسلہ سجادگی درگاہ حاجی صفت اللہ صاحب قدس سرہٗ اونکی اولاد مین جاری ہے
بتاریخ چھبیس ۲۶ ماہ ربیع الثانی ۱۲۷۰ھ ہجری مین آپنے وفات پائی چونکہ آپ نے
اپنی حیات ہی مین اپنے بھائی مولوی حافظ سید غلام صدیق صاحب کو اپنا
سجادہ نشین کردیا تھا اسلئے آپ کی وفات کے بعد آپ کے بھائی سجادہ نشین ہوئے
آپ عالم متبحر مشہور تھے ۔ علماء کاملین مین آپ کا شمار تھا آپ شریعت و طریقت کے عامل
تھے آپ نے اپنے آباؤ اجداد کے طریقہ عمل کے ساتھ اس مدرسہ کی تعلیم کو رونق بخشی
اور مدت العمر طلباء کو بطیب خاطر استفادہ پہونچاتے رہے بکثرت طلباء آپ کی تعلیم سے
کامیاب ہوئے قصبہ کے لوگ آپ کے بہت معتقد تھے آپ کے مریدون کی کوئی انتہا
نہ تھی آپ نوافل بکثرت پڑھتے تھے حاجتمندون کے واسطے دعا اور تعویذ فرمایا کرتے
تھے ۔ آپ کی یادداشت مین بیشتر عملیات پائے جاتے ہین جس سے یقین ہوتا ہے
کہ آپ عامل بھی تھے ۔
آپ سے ایک مرید نے سوال کیا کہ شریعت و طریقت و حقیقت و معرفت چیست آپ نے
جواب دیا ۔ قال النبی علیہ السلام ۔ الشریعۃ اقوالی والطریقۃ افعالی والحقیقۃ
احوالی والمعرفۃ اسراری ۔ یعنی شریعت اقوال منست و طریقت افعال منست

وحقیقت احوالِ نست و معرفت اسرار نست۔

آپ کی ذات خاص بہت متبرک تھی۔ افسوس موت سے کسی کو چارہ نہین۔
بالآخر مولوی حافظ سید غلام صدیق صاحب نے بتاریخ ہفتم ماہ جمادی الاولی ۱۱۸۵ھ ہجری
کو بہ قضائے الٰہی اس جہان فانی سے وفات پائی آپکی وفات کے بعد مولوی حافظ سید پیر بخش
صاحب آپ کے خلف و خلیفہ سجادہ نشین ہوئے اور آپ قدم بقدم اپنے پدر بزرگوار کے
دین کے کام مین عامل رہے آپ عالم مشہور تھے آپ کے علم کی دور دور شہرت تھی
چنانچہ ضلع بدایون و بلگرام و شاہ آباد دیگر اطراف سے طلباء بغرض تعلیم آپ کیخدمت مین
آتے اور آپ کی تعلیم سے فیضیاب ہوتے آپ کے زمانۂ حیات تک طلباء کی کثرت اور
مدرسہ کی خوب ترقی رہی اور آپ کی توجہ خاص سے مسجد مین نماز کا بھی انتظام معقول رہا
اور بہت لوگ آپ کے مرید ہوئے اس قصبہ مین بہت لوگ آپ کو مانتے تھے۔ اور آپ کا
بڑا اثر تھا کہا جاتا ہے کہ جسوقت آپ نماز کے لیے بازار ہوتے ہوئے مسجد کو جاتے
راہ مین پیشہ ور لوگ ہندو مسلمان آپ کو دیکھکر تعظیماً کھڑے ہوجاتے تھے آپ نے
مدت العمر اس مدرسہ کے درس و تدریس مین مصروف رہکر اپنے آبا و اجداد کا نام روشن
کیا ہے اللہ تعالیٰ آپ کو جزاء خیر عطا فرماوے مولوی حافظ سید پیر بخش صاحب نے
۲۶۔ شوال ۱۲۵۲ھ ہجری مین اس دار ناپائدار سے انتقال فرمایا میرے دادا مولوی حافظ
سید نبی بخش صاحب اپنے پدر بزرگوار کی وفات کے بعد مدرسہ عربی قدیم مین آونلہ کے
قائم مقام اور سجادہ نشین ہوئے اور قدم بقدم اپنے اجداد کے عامل رہے آپ کی
ذات بابرکات سے مدرسہ اور مسجد کو خوب ترقی ہوئی آپ طلباء کے ساتھ نہایت
محبت سے پیش آتے تھے مولوی فتح محمد صاحب..................

.....برہان پوری کو آپ نے پڑھایا ہے ۔ اور مولوی سید سکندر علی صاحب خالص پوری
بھی آپ کے شاگرد تھے ۔ اور نامی طلباء مین اونکا شمار تھا طلباء کو کتب دینیات شفقت
ومحبت سے پڑھاتے تھے جسکی وجہ سے طلباء کی بہت کثرت رہتی تھی مدت تک اسیطرح
درس وتدریس کا سلسلہ جاری رہا آپ کے اکثر لوگ مرید تھے ۔ آپ تمام عمر تعلیم دینے مین
مصروف رہے اور نہائت حسن وخوبی کیساتھ اعلیٰ پیمانہ پر اس درسگاہ قدیمہ کے خدمات
انجام دیتے رہے جب آپکی وفات کا زمانہ قریب آیا تو آپ نے اپنے بڑے پوتے مولوی
حافظ سید احمد حسن کو مرید کیا اور چند ماہ کے بعد تاریخ ۲۸ رشوال ۱۲۹۱ھ ہجری کو جناب
ممدوح مولوی حافظ سید نبی بخش نے اس دار فانی سے رحلت فرمائی آپ کے واقعہ وفات
کے بعد مولوی سید احمد حسن صاحب سب کی صلاح سے قایم مقام اور سجادہ نشین ہوئے
چاہیئے تھا کہ آپ بمقتضائے خدمات سجادگی وقائم مقامی پورسے طور سے مسجد ومدرسہ
کی خدمت کرتے چونکہ صاحب سجادہ موصوف کی شادی قصبہ لاہرپور مین ہوئی تھی
اور وہان کی زمینداری وغیرہ کا انتظام سجادہ نشین وغیرہ کے سپرد کردیا گیا ۔ اسوجہ سے
غیر آباد مین آپ کا قیام نہوسکا والد ماجد صاحب قبلہ مولوی حافظ سید حسن بخش صاحب
جو نہ کسی کے مرید تھے اور نہ اس مدرسہ ومسجد کی خدمات سجادگی کا بار اُٹھانا قبول فرمایا
اسلیئے اپنے بڑے صاحبزادے مولوی حافظ سید احمد حسن صاحب کو سجادہ نشین کرادیا
تھا اور خود اس عہدے کے واسطے راضی نہوئے مگر باوجود ان خدمات کے قبول
نہ کرنے پر بھی آپ کو اس مسجد اور مدرسہ کے قیام کا بہت زیادہ خیال تھا آپ ہی کے
حسن خدمات کا یہ نتیجہ ہے جو ابتک مسجد ومدرسہ قائم وبرقرار ہے آپ نہایت
پابند وضع اور بہت مستقل مزاج تھے ۔ ہر کام پابندی کیساتھ کرتے اور آپ کا

معمول تھا کہ روزانہ نماز مغرب اور نماز جمعہ وعیدین جناب مولوی حاجی سید صفت اللہ صاحب کی مسجد مین پڑھایا کرتے تھے اور تاحیات نہایت پابندی کے ساتھ اس روش پر قائم رہے بغیر عذر کے اس عمل کو ترک نہین کیا تھا اوس روز کے جس روز آپ کا انتقال ہوا جسکا خلاصہ یہ ہے کہ آپ گیارہ بجے رات کو بعرض بند تخمہ مبتلا ہوئے اور صبحکو دس بجے اس دار فانی سے وفات پائی۔ آپ جس سے ملتے خلوص سے ملتے ریا اور نمائشی امور کو پسند نہین کرتے تھے۔ اور تمام عمر ایک وضع اور ایک حالت مین رہے اور عمر بھر درویشانہ شان سے بسر کی باوجودیکہ کافی معاش رکھتے تھے اپنی ذات خاص پر بہت ہی قلیل رقم صرف کرتے تھے اور اپنے متعلقین کے نان نفقہ دینے مین اور مہمانونکی خاطر داری اور اونکی تواضع کرنے مین زیادہ صرف کرتے تھے آپ علوم صرف ونحو مین کامل دستگاہ رکھتے تھے جو لوگ پڑھنے کے لیے آتے آپ اونکو بہت شفقت اور دل سے پڑھاتے تھے آپ نے اپنے والد ماجد سے فقہ مین ہدایہ۔ درمختار۔ شامی وغیرہ پڑھی تہین۔ اور کتب بینی کا بہت شوق تھا اکثر کتب فقہ کا مطالعہ کیا کرتے تھے جسکی وجہ سے علم فقہ مین آپ کی نظر بہت وسیع ہوگئی تھی۔ اور جزئیات مسائل فقہ مین آپ کو بہت عبور ہو گیا تھا قصبہ خیرآباد اور گرد ونواح کے جن لوگون کو مسائل کے دریافت کرنیکی حاجت ہوتی تھی آپ کے پاس آکر دریافت کرتے اور آپ کتاب دیکھکر واضح طور پر مسئلہ بتاتے اور سمجھا دیتے تھے۔ اس مدرسہ کے متعلق ہمیشہ یہ خدمت انجام دیتے رہے آپ کی ذات خاص اس مدرسہ کے لیے بہت غنیمت تھی اللہ تعالی آپ کو اس خدمت کی جزا ءنیک عطا فرمائے آپ نے مجھے کلام مجید کے آٹھ پارے حفظ کرائے۔ پھر حافظ ہدایت اللہ صاحب کے سپرد کر دیا چنانچہ باقی کلام مجید حافظ صاحب موصوف نے مجھے حفظ کرا دیا۔ حفظ کلام مجید کے

بعد میرے والد مولوی حافظ سید حسن بخش صاحب نے مجکو میزان الصرف و منشعب و پنج گنج پڑھائین
اوسکے بعد ضرورتاً مین اپنے ماموں کے پاس جونپور گیا وہان ماموں صاحب وغیرہ نے
یہ تجویز کیا کہ مین جونپور کے مدرسہ مین مولوی ہدایت اللہ خان صاحب سے
تعلیم حاصل کرون - چنانچہ مین نے مولوی ہدایت اللہ خان صاحب سے مکرر پنج گنج اور
فصول اکبری پڑھی اور کتاب نحو میر کے دو یا تین سبق پڑھنے کی نوبت آئی تھی کہ خیرآباد
سے میری طلبی کا خط پہونچا مجبوراً جونپور کا تعلق قطع کرکے مجھے خیرآباد آنا پڑا یہان آتے ہی
میرے نام دو عام مختارنامہ پیروی مقدمات کے واسطے لکھے گئے جنکا تعلق خاندانی مقدمات
کی پیروی سے تھا آخر مین گیارہ سال تک مقدمات کی پیروی مین مصروف رہا - جسکی وجہ
سے زمانہ تحصیل علم اور طالب علمی کا وقت گذر گیا اور میری تعلیم کتب دینیات نہ ہو سکی
الغرض ان مشکلات مین پھنس کر مین نعمت علم سے محروم رہا اور دنیا کے لوازم مین میری
زندگی برباد ہوئی - اور طریقہ آباؤ اجداد کی قایم مقامی کی پوری خدمت نہ کر سکا
مجھے اسکا بے انتہا افسوس ہے مگر سچ ہے اللہ کو جو منظور ہوتا ہے وہی ہوتا ہے جب
